# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 22 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۲۲؍جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

- ☆ **پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کی آج سے شروعات**
- ☆ **یونسکو کے عالمی ورثہ مراکز کے لیے بھارت کی جانب سے ایک مِلین ڈالر کا عطیہ' وزیر اعظم مودی کا اعلان**
- ☆ **ممبئی سمیت وِدربھ ' کونکن میں موسلا دھار بارش' ممبئی ہوائی اڈہ سے 36 ؍ پروازیں منسوخ**

**اور**

- ☆ **ایشیائی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کی خواتین ٹیم کی پیش رفت' بی سی سی آئی کی جانب سے اولمپک کھلاڑیوں کو ساڑھے آٹھ کروڑ روپئے کی مدد کا اعلان**

**اب خبریں تفصیل سے...**

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کی آج سے شروعات ہورہی ہے۔آج مرکزی وزیر مالیات نِرملا سیتا رمن 2023ء - 24 کے معاشی سال کی رپورٹ پیش کریں گی۔کل بروز منگل 2024ء - 25 کا مرکزی بجٹ لوک سبھا میں پیش ہوگا۔وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی کی حکومت کی تیسری معیاد کا یہ پہلا بجٹ ہوگا۔

دریں اثناء اجلاس کے ضمن میں حکومت نے کل دہلی میں تمام پارٹیوں کی میٹنگ منعقد کی تھی۔ کانگریس نے اِس اجلاس میں نیٹ پرچہ افشا معاملہ ' ریلوے سکیوریٹی ' اگنی ویر اسکیم' منی پور اور جموں کشمیر کی قانونی صورتحال اِن موضوعات پر بحث کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

عالمی ورثہ کی حفاظت کرنا یہ بھارت اپنی ذمہ داری سمجھتا ہے اور یونسکو کے عالمی ورثہ کے حامل مراکز کے لیے 10 رلاکھ ڈالرس کی امدادی رقم دینے کا اعلان وزیراعظم نے کیا ہے۔ عالمی ورثہ کمیٹی کی 46 روین میٹنگ کی شروعات کل نئی دِلّی میں وزیراعظم مودی کے ہاتھوں ہوئی۔ اِس موقع پر وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی وراثت صرف تاریخ ہی نہیں بلکہ سائنس بھی ہے۔ بھارت کی ہزاروں سال پُرانی تہذیب کا فائدہ دنیا کو ملنا چاہیے۔ اِس افتتاحی پروگرام میں یونسکوں کے ڈائریکٹر جنرل آڈرے اژھولے اور یونسکو عالمی ورثہ سیکریٹریٹ کے اعلیٰ عہدداران اور مختلف ممالک کے ثقافتی امور کے وزراء ' سفرا اور ماہرین موجود تھے۔ بھارت پہلی مرتبہ عالمی ورثہ کمیٹی کے اجلاس کی میزبانی کر رہا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کی سرپرستی والی مہایوتی کی حکومت آنے کا تیقن مرکزی وزیر داخلہ امِت شاہ نے ظاہر کیا ہے۔ ریاست کے اسمبلی انتخابات کے ضمن میں پونہ میں منعقدہ بی جے پی کے اجلاس کے اختتامی پروگرام سے وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ اِس ملک کی عظیم ساخت کو بی جے پی ہی بچا سکتی ہے اور پچھلے 10 رسالوں میں مرکز کی بی جے پی حکومت نے ریزرویشن کو شہ دی ہے۔ انھوں نے اپوزیشن پر ریزرویشن سے متعلق غلط تشہیر کا الزام عائد کیا۔ بی جے پی کے اعلیٰ عہدہ داران سمیت 5 رہزار سے زائد کارکنان اِس اجلاس میں شریک تھے۔

دریں اثناء اِس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ لوک سبھا انتخابات میں کانگریس اور انڈیا اتحاد نے آئین ' مہنگائی اور کسانوں کے مسائل سے متعلق غلط تشہیر کی۔ انھوں نے سوال کیا کہ کیا مہاوِکاس آگھاڑی اوبی سی کوٹہ سے مراٹھوں کو ریزرویشن دینے کی حمایت میں ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس میں تقسیم کے بعد اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر کی اُدّھو ٹھاکرے گروپ اور شرد پوار کی جانب سے سپریم کورٹ میں داخل کردہ عرضیوں پر کل 23 جولائی کو سنوائی ہوگی۔ اس سنوائی میں راہل نارویکر کی جانب سے عدالت میں دستاویزات پیش کرنے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

کیدارناتھ کے پیدل راستہ پر کل چٹان کھسکنے سے 3/عقیدت مندوں کی موت ہوگئی۔ جبکہ 5/عقیدت مند زخمی ہوگئے۔ ہلاک شدگان میں جالنہ کے سنیل کاڑے اور ناگپور کے کشور پراٹے شامل ہیں۔ جالنہ ضلع کے دیگر نو عقیدت مند جائے حادثہ پر موجود تھے اور ضلع ڈیزاسٹر منجمنٹ ان کے رابطہ میں ہونے کی اطلاع ضلع کلکٹر نے دی ہے۔

***** ***** *****

گروپورنیا کل ہر طرف جوش وخروش سے منائی گئی۔ احمد نگر ضلع کے شرڈی میں کل صبح صد سالہ پرچم کی پوجا کی گئی۔ شرڈی میں سائی بابا کے درشن کے لیے شیگاؤں میں سنت گجانن مہاراج اور اکل کوٹ کے شری سوامی سمرتھ مندر میں عقیدت مندوں کا ہجوم تھا۔
چھترپتی سنبھاجی نگر شہر میں رینوکا ماتا مندر کی جانب سے گرولانس پر تقریب کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِسی طرح شہر کے گارکھیڑا علاقہ کے گجانن مہاراج مندر میں بھی عقیدت مندوں نے بھیڑ لگادی تھی۔

***** ***** *****

ممبئی سمیت وِدربھ کونکن میں کل بھی ہر جگہ موسلا دھار بارش ہوئی جس کی وجہ سے نظام زندگی درہم برہم ہوگیا۔ ممبئی اور مضافات میں کل ہوئی موسلا دھار بارش سے کئی مقامات پر پانی جمع ہونے سے ٹریفک جام ہوگیا تھا۔ جبکہ ممبئی ایئر پورٹ سے 36/ پروازیں منسوخ کردی گئی تھیں۔ نئی ممبئی میں بھی کل زوردار بارش ہوئی۔ دوپہر تک ان علاقوں میں دوپہر تک 91/اعشاریہ ایک ایک ملی میٹر بارش کا اندراج ہو چکا تھا۔ بیلاپور میں آرٹسٹ ولیج کے پیچھے واقع پہاڑ پر پھنسے 60/سے زائد سیاحوں کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا جبکہ نیرول ایم آئی ڈی سی میں پھنسے ایک شہری کو بحفاظت باہر نکالنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔ شہر سمیت ضلع بھر میں موسلا دھار بارش ہوئی۔

***** ***** *****

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ایوت محل ضلع کے 29 محصول ڈویژن میں زوردار بارش کا اندراج ہوا۔ضلع کی وردھا ندی میں آئی طغیانی کی وجہ سے مارے گاؤں تعلقہ کا کوسارا سوئیٹ راستہ بند ہوگیا ہے۔زوردار بارش کی وجہ سے کئی مقامات پر پانی جمع ہونے کی اطلاع ہے۔ گڑھ چِرولی ضلعے میں جاری بارش کی وجہ سے 31 راستے ٹریفک کے لیے بند کیے گئے ہیں۔گڑھ چِرولی تعلقہ کے کوٹ گل بیریج کے کام کے 70 مزدور جبکہ بھام راگڑھ کے 25 دوکانداروں کو حفاظتی مقام پر پہنچایا گیا۔

***** ***** *****

رتنا گیری ضلع میں کل زوردار بارش ہوئی۔رائے گڑھ ضلع میں بھی ہرطرف بارش ہوئی۔مہاڑ میں ساوتری اور روہیات کندلیکا ندیاں خطرہ کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔

دریں اثناء ریاست کے کئی اضلاع میں موسلا دھار بارش کے ضمن میں ضلع انتظامیہ پولس ' مرکزی اور ریاستی ڈیزاسٹر رسپانس فورس 'مقامی خودمختار اِداروں کو تیار رہنے اور عوام کی ہرممکن مدد کرنے کے احکامات وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے دیے ہیں۔

***** ***** *****

خواتین T-20 کرکٹ ایشیائی ٹورنامنٹ میں کل شری لنکا کے دامبولا میں ہوئے مقابلہ میں بھارت نے متحدہ عرب امارات کو 78 رنوں سے شکست دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارت نے مقررہ اوورس میں 5 وکٹ پر 201 رن بنائے۔ ہرمن پریت کور نے 66 رچا گھوش نے ناٹ آؤٹ 64 جبکہ شیفالی ورما نے 37 رن بنائے۔اِس کے جواب میں متحدہ عرب امارت کی ٹیم 7 وکٹ پر صرف 123 رنز ہی بنا سکی۔دیپتی شرما نے 2 جبکہ تنوجا کان وارروز ' پوجا وستر کار نے فی کس ایک وکٹ لیا۔اِس جیت کے ساتھ پوائنٹ ٹیبل میں 4 پوائنٹ کے ساتھ بھارت سب سے آگے ہیں اور A گروپ کے بھارت کا آخری مقابلہ آئندہ منگل کو نیپال سے ہوگا۔

***** ***** *****

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے بھارتی اولمپک فیڈریشن کو ساڑھے آٹھ کروڑ روپئے امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ مرکزی وزیر کھیل ڈاکٹر من سکھ مانڈویہ نے اِس مالی امداد کے اعلان پر BCCI کا شکریہ ادا کیا ۔26/ جولائی سے پیرس میں اولمپک مقابلے شروع ہورہے ہیں۔اِس سال 117/ ایتھلیٹ مختلف زمروں کے کھیلوں میں ملک کی نمائندگی کریں گے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے پورنا تعلقے کے کاتنیشور میں واقع ضلع پریشد اسکول کی جانب سے کل کتب اوراشجار ریلی نکال کر بیداری پیدا کی گئی۔مختلف کتابوں اور کئی اقسام کے پھولوں سے سجی ہوئی پالکی' طلباء کے روایتی ملبوسات اور مختلف نعروں پر مشتمل بینرس سمیت لیجھم کے مظاہرے کی وجہ سے اِس ریلی نے سبھی کو اپنی طرف متوجہ کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر کے ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر آرٹس اور کامرس کالج کے سابق پرنسپل پی ای سون کامبڑے کے یوم پیدائش کے موقع پر کل پی ای سون کامبرے پرتشٹھان کی جانب سے بزرگ ادیب لکشمن گائیکواڑ کا لیکچر منعقد کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں دیہی ادب کو نئی سمت دینے کا کام سون کامبڑے نے اپنی تحریروں سے کرنے کی بات گائیکواڑ نے اِس موقع پر کہی۔ انھوں نے سون کامبڑے کی سوانح عمری '' یادوں کے پرندے '' کو مراٹھواڑہ کی اولین دلت سوانح عمری قرار دیا۔ تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی انجام دینے والے 3/ طلباء کو اِس پروگرام میں اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے میں '' وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن '' اسکیم سے متعلق عوامی بیداری کے لیے ایک تشہیری رتھ تیار کیا گیا ہے۔ شیوسینا رہنما ارجن کھوتکر کے ہاتھوں کل اِس بیداری رتھ کا افتتاح عمل میں آیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کی حفاظت کو یقینی بنانے کی غرض سے ضلعے کے رابطہ وزیر اور ریاستی وزیر زراعت دھننجئے منڈے کے ہاتھوں کل پہلے مرحلے کے طور پر 426/ سی سی ٹی وی کیمروں کی نقاب کشائی عمل میں آئی۔ ان کیمروں کی تنصیب سے ضلعے میں جرائم کی واردا توں پر قدغن لگنے کے یقین کا اظہار منڈے نے اِس موقعے پر کیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے میں آج سے 28/ جولائی تک ''تعلیمی ہفتہ'' منایا جارہا ہے۔ اِس ہفتے کے تحت مختلف تعلیمی سرگرمیوں کا انعقاد کرے اِس مہم کو کامیاب بنانے کی اپیل تعلیمی افسر دلیپ بنسوڑے نے کی ہے۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کی آج سے شروعات

☆ یونسکو کے عالمی ورثہ مراکز کے لیے بھارت کی جانب سے ایک مِلین ڈالر کا عطیہ' وزیر اعظم مودی کا اعلان

☆ ممبئی سمیت وِدربھ ' کونکن میں موسلا دھار بارش' ممبئی ہوائی اڈہ سے 36 / پروازیں مسنوخ

اور ☆ ایشیائی کرکٹ ٹورنامنٹ میں بھارت کی خواتین ٹیم کی برتری ' بی سی سی آئی کی جانب سے اولمپک کھلاڑیوں کو ساڑھے آٹھ کروڑ روپئے کی مدد کا اعلان

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

☆☆☆